سوال

(118) کیامنہ بولا بھائی محرم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میری سہیلی کا ایک منہ بولا بھائی ہے جس نے اس کی والدہ کا دودھ بھی نہیں پیا میری سہیلی کی والدہ نے اسے تین برس تک کی عمر میں لاوارث بچوں کے آفس کے ذریعے منہ بولا بیٹا بنایا ان کی آپس میں کوئی رشتہ داری بھی نہیں۔ وہ عورت بھی مسلمان ہے اور لڑکا بھی لیکن اب وہ مرتد ہوچکا ہے وہ لڑکا اس کے بارے میں لوگوں سے غیبتیں کرتا اور کذب بیانی سے کام لیتا رہتا ہے توکیا اس سے قطع تعلقی ممکن ہے اس لیے کہ وہ صرف اس کا منہ بولا بھائی ہے اس کے علاوہ اس کا اس سے کوئی رشتہ نہیں؟ اور کیا اس کے مرتد ہوجانے کے بعد وہ اسے سلام کرے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ بچہ اس خاندان سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ اس کا خاندان سے نہ تو نسبی تعلق ہے اور نہ ہی رضاعی۔ اگر وہ بچہ مکلف ہے تو پھر اس کے لیے ان کے محارم کو دیکھنا جائز نہیں۔ یہ اس وقت ہے جب وہ دین اسلام پر قائم ہو اور جب وہ اسلام سے ہی مرتد ہوچکا ہے تو پھر اس کے لیے یہ جواز کیسے ہو سکتا ہے؟

اسی طرح اس لڑکی کے لیے بھی یہ جائز نہیں کہ وہ اس سے مصافحہ کرے اور نہ ہی یہ جائز ہے کہ وہ اس کے ساتھ تنہائی اختیار کرے اور اس سے پردہ نہ کرے کیونکہ وہ اس کا محرم نہیں۔ نیز اس کے مرتد ہوجانے کے بعد نہ تو وہ اسے سلام کہے اور نہ ہی اس کے سلام کا جواب دے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے سلامتی وعافیت کے طلب گار ہیں۔ (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص178

محدث فتویٰ